سیدنا عیسیٰ المسیح کی انجیل شریف

۲۷ پاروں میں سے ۲۴واں پارہ

رسولِ مقبول حضرت یحییٰ (یوحنا) کا تبلیغی خطِ دوم

رکوع ۱

(۱) مجھ بزرگ کی طرف سے اس برگزیدہ بی بی اور اس کے فرزندوں کے نام جن سے میں اس سچائی کے سبب سے سچی محبت کرتاہوں جو ہم میں قائم رہتی ہے اور ابد تک ہمارے ساتھ رہے گی۔(۲) اور صرف میں ہی نہیں بلکہ وہ سب بھی محبت کرتے ہیں جو حق سے واقف ہیں۔ (۳) پروردگارِ عالم اور ابن اللہ کی طرف سے مہربانی اوررحم اوراطمینان ، سچائی اور محبت سمیت ہمارے شامل حال رہیں گے۔

سچائی اور محبت

(۴)میں بہت خوش ہوا کہ میں نے تمہارے بعض لڑکوں کو اس حکم کے مطابق جو ہمیں پروردگار کی طرف سے ملا تھا حقیقت میں چلتے ہوئے پایا۔ (۵)اب اے بی بی میں تمہیں کوئی نیا حکم نہیں بلکہ وہی جو شروع سے ہمارے پاس ہے لکھتااور تم سے منت کرکے کہتاہوں کہ آؤ ہم ایک دوسرے سے محبت رکھیں۔ (۶) اور محبت یہ ہے کہ ہم ان کے حکموں پر چلیں۔ یہ وہی حکم ہے جو تم نے شروع سے سنا ہے کہ تمہیں اس پر چلنا چاہیے۔(۷) کیونکہ بہت سے ایسے گمراہ کرنے والے دنیا میں نکل کھڑے ہوئے ہیں جو سیدنا عیسیٰ مسیح کے

مجسم ہو کر آنے کا اقرار نہیں کرتے۔ گمراہ کرنے والا اور مخالف مسیح یہی ہے۔(۸) اپنی بابت خبردار رہو تاکہ جو محنت ہم نے کی ہے وہ تمہارے سبب سے ضائع نہ ہو جائے بلکہ تم کو پورا اجر ملے۔(۹) جو کوئی آگے بڑھ جاتا ہے اور سیدنا مسیح کی تعلیم پر قائم نہیں رہتا اس کے پاس پروردگار نہیں۔ جو اس تعلیم پر قائم رہتا ہے اس کے پاس پروردگار بھی اور ابن اللہ بھی۔(۱۰) اگر کوئی تمہارے پاس آئے اور یہ تعلیم نہ دے تو اسے گھر میں آنے دو اور نہ سلام کرو۔(۱۱) کیونکہ جو کوئی ایسے شخص کو سلام کرتا ہے وہ اس کے بُرے کاموں میں شریک ہوتا ہے۔

(۱۲) مجھے بہت سی باتیں تم کو لکھنا ہے مگر کاغذ اور سیاہی سے لکھنا نہیں چاہتا بلکہ تمہارے پاس آنے اور روبرو بات چیت کرنے کی امید رکھتا ہوں تاکہ تمہاری خوشی کامل ہو۔(۱۳) تمہاری برگزیدہ بہن کے لڑکے تمہیں سلام کہتے ہیں۔